UIC
SECURITY · SERVICE · PROSPERITY

# The Universal Insurance Company Limited

**Head Office:** Universal Insurance House, 63 Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore-54000
**Tel:** +92-42-37324244, 37353458, 37355426, 37313878 **Fax:** +92-42-37230326
**E-Mail:** info@uic.com.pk **Web:** www.uic.com.pk

ISO 9001 APPROVED

BIBOJEE GROUP

Date: February 11, 2025

**The General Manager,**

Pakistan Stock Exchange Limited,
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi,

**Subject:** **<u>Notice of Extra Ordinary General Meeting – Prior to Publication</u>**

Dear Sir,

Please find enclosed herewith a copy of Notice of Extra Ordinary General Meeting (EOGM) to be held on Wednesday March 05, 2025 at 11:00am for information prior to publication. The aforementioned notice of EOGM will be published in the Newspapers on February 12, 2025.

You may please inform the members of the Exchange accordingly.

Thanking you,

Yours truly

**Liaqat Ali Shaukat**
**Company Secretary**

# THE UNIVERSAL INSURANCE COMPANY LIMITED

# Notice of Extra Ordinary General Meeting

## To Be Held on Wednesday March 05, 2025

# NOTICE OF EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extra Ordinary General Meeting (EOGM) of The Universal Insurance Company Limited ("the Company", "UVIC") will be held on Wednesday March 05, 2025 at 11:00 A.M. at the registered office of the Company at Universal Insurance House, 63-Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore to transact the following business: -

**A. ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of the Extra Ordinary General Meeting of the Company held on November 15, 2024 at Lahore.

**B. SPECIAL BUSINESS**

2. To consider and pass the following resolutions as Special Resolutions with or without any amendments, modifications or alterations:

   "Resolved that in terms of the provisions of section 199 of the Companies Act, 2017 as approved by the Board, the Company be and is hereby authorized to give bank guarantee up to the limit of Rs. 350 million to M/s. United Bank Limited Karachi ("UBL") for granting from time-to-time finance facilities to its holding Company i.e M/s. Bibojee Services (Pvt.) Limited ("BSL") by marking lien on the deposit/ investment of UVIC in mutual funds namely the Alfalah GHP Money Market Fund maintained with Alfalah Asset Management Limited as a security deposit."

   "Resolved Further Director, Principal Officer and Company Secretary be and are jointly any two authorized to take any and all necessary actions to complete all legal formalities and sign/ execute any and all such documents/ indentures as may be required in this regard on behalf of the Company."

**C. ANY OTHER BUSINESS**

To transact any other business with the permission of the Chair.

**Statement under Section 134(3) of the Companies Act, 2017, pertaining to the Special Business referred to the above is annexed to this notice of meeting, being sent to the members.**

By Order of the Board

**(Liaqat Ali Shaukat)**
Company Secretary

Dated: February 12, 2025
**Lahore**

## NOTES:

1- The Company has decided to facilitate its members by allowing them to attend the meeting through video link. For this, the members are requested to register themselves by sending an email along with the following particulars at info@uic.com.pk before close of business hours on March 03, 2025.

| Name of shareholder | CNIC No. | Folio No./ CDC Account No. | Contact No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

The members can also provide their comments/ questions for the proposed agenda items of the EOGM at the email address info@uic.com.pk.

2- The Share Transfer Books of the Company will remain closed from February 26, 2025 to March 05, 2025 (both days inclusive). Transfer received in order at the office of the Company Share Registrar M/s. Hameed Majeed Associates, H.M House, 7-Bank Square Lahore up to the close of business on February 25, 2025 will be considered in time to attend and vote at the meeting.

3- A member entitled to attend and vote at the meeting may appoint another member as his/ her proxy to attend and vote instead of him/ her. Proxies, in order to be effective, must be received at the Registered Office of the Company duly stamped, signed and witnessed not later than 48 hours before the meeting. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy.

4- Form of proxy is appended with this notice in both English and Urdu languages and can be downloaded from the Company's website.

5- CDC shareholders are requested to bring their original CNIC card, Account, Sub account numbers and participant's Number in Central Depository Company (CDC) for identification purpose for attending the meeting. In case of corporate entity, the Board's resolution/ Power of attorney with specimen signatures of the nominee along with his /her recent photograph shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

6- Members are requested to notify the shares registrar of the company promptly of any change in their addresses, if any and submit copy of valid CNIC if not submitted yet.

7- The members must ensure that the duly filled and signed ballot paper (will be available on the Company's website within stipulated time to download), along with a copy of Computerized National Identity Card (CNIC) should reach the Chairman of the meeting through post at the Company's registered address, Universal Insurance House, 63-Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore, or email at chairman@uic.com.pk one day before the meeting i.e., on March 04, 2025 before 05:00 pm. A postal ballot received after this time/date shall not be considered for voting. The signature on the ballot paper shall match with the signature on CNIC.

8- **Electronic voting**

a. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of Members of the Company by the close of business on February 25, 2025.

b. The web address, login details, and password, will be communicated to members via email from the web portal of M/s Hameed Majeed Associates (Private) Limited, H.M House, 7-Bank Square, Lahore (being the e-voting service provider).

c. Identity of the members intending to cast vote through e-voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

d. The members shall cast vote online at any time from March 01, 2025, 9:00 a.m. (PST) to March 04, 2025 till 5:00 p.m. (PST). Voting shall close on March 04, 2025, at 5:00 p.m. Once the vote on the resolution is cast by a Member, he/she shall not be allowed to change it subsequently.

9- **Consent for Video Conference Facility**

Pursuant to section 132(2) of the Companies Act, 2017, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding, residing at geographical location, to participate in the meeting through video conference at least seven (7) days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. In order to avail this facility please provide following information to the registered office of the Company:

I/We ________________ of ________________ being a member of The Universal Insurance Co. Ltd., holder of ____________ Ordinary Share(s) as per Folio/ CDC Account No. ___________ hereby opt for video conference facility at ______________.

Signature of Member(s) __________________

# STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 134 (3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

This statement sets out the material facts pertaining to the special business to be transacted at the EOGM of the Company to be held on March 05, 2025.

**Agenda Item No. 2 – Company intends to give a bank guarantee to M/s. United Bank Limited by marking lien on its deposit/ investment with M/s. Alfalah Asset Management Limited to be passed as Special Resolution.**

In accordance with provisions of section 199 of Companies Act, 2017, the Company intends to give a bank guarantee to M/s. United Bank Limited up to the limit of Rs. 350 million in respect of taking finance facilities from time to time to the holding Company M/s. Bibojee Services (Pvt.) Limited by marking lien on the deposit/ investment of UVIC with M/s. Alfalah Asset Management Limited as a security deposit.

The following Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and their shareholding in the Associated Company.

1. Lt. Gen (Retd.) Ali Kuli Khan Khattak
2. Mr. Ahmad Kuli Khan Khattak
3. Mrs. Shahnaz Sajjad Ahmad
4. Dr. Shahin Kuli Khan Khattak

Further the following director is also interested in the resolution to the extent of their relation with above mentioned directors.

1. Mr. Khalid Kuli Khan Khattak

Based on above, the matter is being presented before general meeting for seeking approval of the members as a special resolution.

## Information pursuant to Regulation 3 (1) (a) of the Companies (Investment in Associated Companies or Associated Undertakings) Regulations, 2017

| | |
|---|---|
| Name of associated company | Bibojee Services (Pvt.) Limited. ("BSL") |
| Basis of relationship | BSL holds 85.96% of the issued and paid-up capital of UVIC along with Common directorship of UVIC. |
| Earnings per share for the last three years | 2022: Rs. 3.86<br>2023: Rs. 63.68<br>2024: Rs. 52.60 |
| Break-up value per share, based on latest audited financial statements | Rs. 1,297.36 per share as on 30-06-2024 |
| Financial position, including main items of statement of financial position and profit and loss account on the basis of its latest financial statements | Total Assets Rs. 2,845.663 million<br>Current Assets Rs. 1,007.812 million<br>Total Liabilities Rs. 2,845.663 million<br>Current Liabilities Rs. 193.105 million<br>Total Equity Rs. 1,800 million<br><br>Rental Income Rs. 68.880 million<br>Dividend Income Rs. 63.426 million<br>Trading & Other Income Rs. 10.211 million<br>Profit after tax Rs 94.687 million |
| In case of investment in relation to a project of associated company that has not commenced operations, following further information, namely,<br>i) description of the project and its history since conceptualization<br>ii) starting date and expected date of completion of work<br>iii) time by which such project shall become commercially operational<br>iv) expected time by which the project shall start paying return on investment<br>v) funds invested or to be invested by the promoters, sponsors, associated company or associated undertaking distinguishing between cash and non-cash amounts | All the Associated Companies have already commenced its operations since long. |

| General Disclosures: | |
|---|---|
| Maximum amount of investment to be made | Bank guarantee up to Rs. 350 million for the finance facility. |
| Purpose, benefits likely to accrue to the investing company and its members from such investment and period of investment; | The purpose of the bank guarantee is to support the holding company BSL so that holding company can support its associated companies for their operational and cash flow requirements. The improvement in the financial condition of BSL will also have a positive impact on the Company. The period of bank guarantee is two year. |
| Sources of funds to be utilized for investment | All the present & future Alfalah GHP Money Market Fund Units. (Company's own resources) |
| where the investment is intended to be made using borrowed funds,<br><br>(i) justification for investment through borrowings;<br>(ii) detail of collateral, guarantees provided and assets pledged for obtaining such funds; and<br>(iii) cost benefit analysis | Not Applicable |
| Salient features of the agreement(s), if any, with associated company or associated undertaking with regards to the proposed investment | The Company and BSL has entered into an agreement, which specifying the nature, purpose and period of the bank guarantee to be furnished by the Company to BSL, the amount and due dates for repayment of the loan to UBL Bank, a commitment and indemnity by BSL to the Company to repay the loan on the due dates. |
| Direct or indirect interest of directors, sponsors, majority shareholders and their relatives, if any, in the associated company or associated undertaking or the transaction under consideration | Direct or Indirect interest of Directors up to their shareholding only. |
| In case any investment in associated company or associated undertaking has already been made, the performance review of such investment including complete information/ justification for any impairment or write offs | Not Applicable |

| | |
|---|---|
| Any other important details necessary for the members to understand the transaction | No loss of return / Income to UVIC members |

**Information pursuant to Regulation 3 (1) (c) of the Companies (Investment in Associated Companies or Associated Undertakings) Regulations, 2017**

| **Information Required** | **Information Provided** |
|---|---|
| Category wise amount of investment<br>• | The Company will give a bank guarantee up to Rs. 350 million to UBL bank for a loan to BSL. |
| Average borrowing cost of the investing company, the Karachi Inter Bank Offered Rate (KIBOR) for the relevant period, rate of return for *Shariah* compliant products and rate of return for unfunded facilities, as the case may be, for the relevant period | Not Applicable |
| Rate of interest, mark up, profit, fees or commission etc. to be charged by investing Company | Not Applicable |
| Particulars of collateral security to be obtained in relation to the proposed investment; | 70.171% shares of UVIC hold by BSL<br>(No. of shares 35,085,385) |
| If the investment carries conversion feature i.e. it is convertible into securities, this fact along with terms and conditions including conversion formula, circumstances in which the conversion may take place and the time when the conversion may be exercisable | Not Applicable |
| Repayment schedule and terms of loans or advances to be given to the associated company | BSL will ensure repayment of loan amount to the UBL as per bank schedule agreed upon. |

**Declaration pursuant to Section 199 (2) of the Companies Act, 2017 and Regulations 3(3)(4) and 4(3) of the Companies (Investment in Associated Companies or Associated Undertakings) Regulations, 2017**

The Directors certify to the members of the Company that they have carried out necessary due diligence for the proposed bank guarantee before recommending it for members' approval.

The duly signed recommendations of the due diligence report together with the latest audited financial statements of Bibojee Services (Pvt) Limited along with the latest interim financial statements, if any, shall be made available to the members for inspection in the EOGM.

**Scrutinizer**

In accordance with the Regulation 11 of the (Postal Ballot) Regulation, 2018 below is the information regarding the scrutinizer for the purpose of upcoming EOGM

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Name of Scrutinizer | M/s. Shinewing Hameed Chaudhri & Co., Chartered Accountants. |
| 2. | Qualification and experience | ShineWing Hameed Chaudhri & Co., Chartered Accountants, is one of the oldest and renowned firms of Chartered Accountants in Pakistan, established by late Mr. Abdul Hameed Chaudhri (FCA) in 1957. It is a member firm of ShineWing International. The firm is a premier provider of professional services in audit and assurance, accounting, tax, risk management and advisory, and corporate services to a significant number of clients including listed and economically significant entities, through its offices located across Pakistan. |
| 3. | Purpose of appointment | As the company is required to appoint a scrutinizer for the purpose of voting in the general meeting to transact a business which pertains to investment in associated companies as mentioned in section 199 of the Companies Act, 2017. Therefore, scrutinizer has been appointed to observe that satisfactory procedures of the voting process including adequate precautionary measures are ensured and reported as mentioned under regulation 11A. |

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دی یونیورسل انشورنس کمپنی لمیٹڈ (''کمپنی''، ''یو وی آئی سی'') کا غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) بروز بدھ 5 مارچ 2025، دن 11:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع یونیورسل انشورنس ہاؤس، 63- شاہراہ قائد اعظم، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

**الف: عمومی امور**

1۔ 15 نومبر 2024 کو لاہور میں منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی تصدیق کرنا۔

**ب: خصوصی امور**

2۔ درج ذیل قراردادوں کو بطور خصوصی قرارداد ہائے، کسی ترمیم، یا تبدیلی کے ساتھ یا اس کے بغیر منظوری کے لئے زیر غور لانا

''قرار دیا جاتا ہے کہ جیسا کہ بورڈ منظوری دے چکا ہے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 199 کی دفعات کی رو سے کمپنی بطور سکیورٹی ڈپازٹ الفلاح ایسیٹ مینجمنٹ لمیٹڈ کے زیر انتظام الفلاح GHP منی مارکیٹ فنڈ کے نام سے میوچل فنڈز میں یووی آئی سی کے ڈپازٹ/ سرمایہ کاری Lien مارک کرتے ہوئے اپنی ہولڈنگ کمپنی یعنی میسرز ہیو جی سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (''بی ایس ایل'') کو وقتاً فوقتاً فنانس کی سہولیات دینے کے لئے میسرز یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کراچی (''یو بی ایل'') کو 350 ملین روپے کی حد تک بینک گارنٹی دینے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے۔''

''مزید قرار دیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹر، پرنسپل آفیسر اور کمپنی سیکرٹری، کسی دو کو مشترکہ طور پر اختیار دیا جائے اور دیا جاتا ہے کہ وہ تمام قانونی کارروائیوں کو مکمل کرنے کے لئے کوئی بھی اور تمام ضروری اقدامات کریں اور کمپنی کے ایماء پر کسی بھی اور ایسی تمام دستاویزات/ عہد ناموں (indentures) پر دستخط کریں/ انہیں انجام دیں جیسا کہ اس سلسلے میں ضروری ہو۔''

**ج: کوئی دیگر امور**

صدر نشین کی اجازت سے کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

**خصوصی امور بمطابق مذکورہ بالا کے حوالے سے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت بیان اجلاس کے نوٹس ہذا کے ساتھ لف ہے اور ارکان کو بھجوایا جا رہا ہے۔**

بحکم بورڈ

(لیاقت علی شوکت)

کمپنی سیکرٹری

بتاریخ: 12 فروری 2025

لاہور

## نوٹس:

1۔ کمپنی نے اپنے ارکان کی سہولت کے لئے فیصلہ کیا ہے کہ انہیں وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی اجازت دی جائے۔ اس سلسلے میں ارکان سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل کوائف کے ہمراہ ایک ای میل info@uic.com.pk پر 3 مارچ 2025 کو اوقات کار ختم ہونے سے قبل بھیج کر اپنا اندراج کرالیں۔

| حصص یافتگان کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | رابطہ نمبر | ای میل پتہ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ارکان ای او جی ایم کے مجوزہ ایجنڈا آئٹمز پر اپنے تبصرے/ سوالات ای میل پتہ info@uic.com.pk پر بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

2۔ کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب 26 فروری 2025 سے 5 مارچ 2025 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ دفتر کمپنی شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس، ایچ ایم ہاؤس، 7۔ بینک سکوائر لاہور میں 25 فروری 2025 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلی کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

3۔ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والا رکن کسی دوسرے رکن کو اپنی پراکسی کے طور پر شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی کو موثر حیثیت دینے کے لئے لازم ہے کہ اس پر موزوں طریقے سے مہر ثبت ہو، دستخط اور گواہ شدہ ہو، اور اجلاس سے زیادہ سے زیادہ 48 گھنٹے قبل تک کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہو جائے۔ کسی بھی رکن کو ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کا استحقاق حاصل نہیں ہوگا۔

4۔ پراکسی کا فارم انگریزی اور اردو، دونوں زبانوں میں نوٹس ہذا کے ساتھ لف ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

5۔ سی ڈی سی حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنا اصل سی این آئی سی کارڈ، اکاؤنٹ، سب اکاؤنٹ نمبرز اور سنٹرل ڈپازٹری کمپنی (سی ڈی سی) میں پارٹسپنٹ نمبر اجلاس میں شرکت کے لئے شناخت کے مقصد کے تحت ساتھ لائیں۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے دستخط بمطابق نمونہ، اجلاس کے وقت پیش کیا جائے (تاوقتیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

6۔ ارکان سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی، اگر کوئی ہو، کے بارے میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں اور سی این آئی سی کی درست کاپی، اگر ابھی تک جمع نہ کرائی ہو تو جمع کرا دیں۔

7۔ ارکان اس امر کو یقینی بنائیں کہ درست طریقے سے پر کئے گئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر (جو مقررہ وقت پر ڈاؤن لوڈ کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہوں گے)، مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی کاپی، اجلاس کے صدر نشین کو بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ، یونیورسل انشورنس ہاؤس، 63۔ شاہراہ قائداعظم، لاہور، یا بذریعہ ای میل chairman@uic.com.pk کے پتہ پر اجلاس سے ایک روز قبل یعنی 4 مارچ 2025 شام 5:00 بجے سے پہلے موصول ہو جائیں۔ اس تاریخ/وقت کے بعد موصول ہونے والے پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لئے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ بیلٹ پیپر پر کئے گئے دستخط سی این آئی سی کے دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں۔

**8. الیکٹرانک ووٹنگ**

الف: ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات بذریعہ ای میل کمپنی کے ان ارکان کو فراہم کی جائیں گی جن کا موثر سی این آئی سی نمبر، موبائل نمبر اور ای میل پتہ 25 فروری 2025 کو کاروبار کے اختتام پر کمپنی کے ارکان کے رجسٹر میں دستیاب ہوگا۔

ب: ویب پتہ، لاگ ان تفصیلات اور پاس ورڈ کے بارے میں ارکان کو بذریعہ ای میل میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایچ ایم ہاؤس، 7۔ بینک سکوائر، لاہور (جو ای ووٹنگ کی خدمات فراہم کر رہے ہیں) کی ویب پورٹل سے آگاہ کر دیا جائے گا۔

ج: ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ دینے کے خواہشمند ارکان کی شناخت کی تصدیق بذریعہ الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

د: ارکان اپنا ووٹ آن لائن مورخہ 1 مارچ 2025 صبح 9:00 بجے (پاکستان کا معیاری وقت) سے 4 مارچ 2025 شام 5:00 بجے (پاکستان کا معیاری وقت) کے دوران کسی بھی وقت کر سکیں گے۔ ووٹنگ 4 مارچ 2025 شام 5:00 بجے بند کر دی جائے گی۔ رکن کی جانب سے قرارداد پر ایک بار ووٹ دینے کے بعد اس میں کسی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

9۔ وڈیو کانفرنس سہولت کے لئے رضامندی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)132 کی رو سے اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی علاقے میں مقیم مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد حصص داری کے حامل ارکان کی جانب سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) یوم قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی رضامندی موصول ہو جائے تو کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس کی سہولت، شہر میں سہولت کی دستیابی کی شرط پر، کا انتظام کرے گی۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لئے برائے مہربانی درج ذیل معلومات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو فراہم کریں:

میں / ہم ________ از ________ بطور رکن دی یونیورسل انشورنس کمپنی لمیٹڈ ، حامل ________ عمومی حصص بمطابق فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ________ بذریعہ ہذا ________ میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔ دستخط رکن/ارکان ________

# کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

اس بیان میں 5 مارچ 2025 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں انجام دیئے جانے والے خصوصی امور کے حوالے سے مادی حقائق بیان کئے گئے ہیں:

**ایجنڈا آئٹم نمبر 2 ۔ کمپنی میسرز الفلاح ایسیٹ مینجمنٹ لمیٹڈ میں اپنے ڈپازٹ / سرمایہ کاری پر Lien مارک کرتے ہوئے میسرز یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کو بینک گارنٹی دینے کا ارادہ رکھتی ہے، جس کی منظوری بطور خصوصی قرارداد دی جائے گی۔**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 199 کی دفعات کی رو سے کمپنی بطور سیکیورٹی ڈپازٹ میسرز الفلاح ایسیٹ مینجمنٹ لمیٹڈ میں یو وی آئی سی کے ڈپازٹ / سرمایہ کاری پر Lien مارک کرتے ہوئے ہولڈنگ کمپنی میسرز بیو جی سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے لئے وقتاً فوقتاً فنانس کی سہولیات لینے کے سلسلے میں 350 ملین روپے کی حد تک بینک گارنٹی میسرز یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کراچی (''یو بی ایل'') کو دینے کی خواہشمند ہے۔

درج ذیل ڈائریکٹرز اس قرارداد میں ملحقہ کمپنی میں اپنی مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور اپنی حصص داری کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں:

1. لیفٹیننٹ جنرل (ر) علی قلی خان خٹک
2. جناب احمد قلی خان خٹک
3. بیگم شہناز سجاد احمد
4. ڈاکٹر شاہین قلی خان خٹک

مزید برآں درج ذیل ڈائریکٹر بھی مذکورہ بالا ڈائریکٹرز کے ساتھ اپنے تعلق کی حد تک اس قرارداد میں دلچسپی رکھتے ہیں:

1۔ جناب خالد قلی خان خٹک

مذکورہ بالا کی بنیاد پر یہ معاملہ خصوصی قرارداد کے طور پر ارکان کی منظوری حاصل کرنے کے لئے اجلاس عام کے روبرو پیش کیا جا رہا ہے۔

## کمپنیز (ملحقہ کمپنیوں یا ملحقہ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن (a)(1)3 کی رو سے معلومات

| | |
|---|---|
| ملحقہ کمپنی کا نام | پیو جی سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔ (''بی ایس ایل'') |
| تعلق کی بنیاد | بی ایس ایل، یو وی آئی سی کے 85.96 فیصد جاری شدہ اور ادا شدہ سرمایہ مع یو وی آئی سی کی مشترکہ ڈائریکٹرشپ کی حامل ہے۔ |
| گزشتہ تین سال کی فی حصص آمدنی | 2022: Rs. 3.86<br>2023: Rs. 63.68<br>2024: Rs. 52.60 |
| بریک اپ ویلیو فی حصص، حالیہ آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس کی بنیاد پر | 1,297.36 روپے فی حصص بمطابق 30-06-2024 |
| مالی حیثیت، بشمول مالی حیثیت کے بیان کے مرکزی آئٹمز اور حالیہ فنانشل سٹیٹمنٹس کی بنیاد پر نفع ونقصان اکاؤنٹ | کل اثاثے:2,845.663 ملین روپے<br>موجودہ اثاثے:1,007.812 ملین روپے<br>کل واجبات:2,845.663 ملین روپے<br>موجودہ واجبات:193.105 ملین روپے<br>کل ایکوئٹی:1,800 ملین روپے<br>رینٹل آمدنی:68.880 ملین روپے<br>ڈیویڈنڈ آمدنی:63.426 ملین روپے<br>ٹریڈنگ اور دیگر آمدنی:10.211 ملین روپے<br>منافع بعد از ٹیکس 94.687 ملین روپے |
| ملحقہ کمپنی کے پراجیکٹ، جس کے آپریشنز کا آغاز نہیں ہوا، کے سلسلے میں سرمایہ کاری کی صورت میں درج ذیل مزید معلومات:<br>i) پراجیکٹ کی تفصیل اور تصوراتی تشکیل سے اب تک اس کی ہسٹری<br>ii) تاریخ آغاز اور کام کی تکمیل کی متوقع تاریخ<br>iii) وہ وقت جب تک یہ پراجیکٹ کمرشل لحاظ سے آپریشنل ہو جائے گا<br>iv) متوقع وقت جب تک اس پراجیکٹ پر سرمایہ کاری سے منافع ملنا شروع ہو جائے گا<br>v) پروموٹرز، سپانسرز، ملحقہ کمپنی یا ملحقہ انڈر ٹیکنگز کی جانب سے سرمایہ کاری کے لئے لگائے گئے یا لگائے جانے والے فنڈز جن میں کیش اور نان کیش رقوم الگ الگ دی گئی ہوں | تمام ملحقہ کمپنیاں طویل عرصہ پہلے اپنے آپریشنز کا آغاز کر چکی ہیں۔ |

| عمومی انکشافات:۔ | |
|---|---|
| زیادہ سے زیادہ رقم جس کی سرمایہ کاری کی جائے گی | فنانس کی سہولت کے لئے 350 ملین روپے تک کی بینک گارنٹی |
| اس سرمایہ کاری سے سرمایہ لگانے والی کمپنی وراس کے ارکان کو ہونے والے ممکنہ فوائد، اس کا مقصد اور سرمایہ کاری کی مدت | بینک گارنٹی کا مقصد ہولڈنگ کمپنی بی ایس ایل کو سپورٹ کرنا ہے تا کہ ہولڈنگ کمپنی اپنی ملحقہ کمپنیوں کو ان کے آپریشنل اور کیش فلو کی ضروریات کیلئے سپورٹ کر سکے۔ بی ایس ایل کی مالی حیثیت میں بہتری سے کمپنی پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ بینک گارنٹی کی مدت دو سال ہے۔ |
| سرمایہ کاری کے لئے استعمال کئے جانے والے فنڈز کے ذرائع | تمام موجودہ اور آئندہ الفلاح GHP منی مارکیٹ فنڈ یونٹس۔ (کمپنی کے اپنے ذرائع) |
| قرض لئے جانے والے فنڈز کو استعمال کرتے ہوئے سرمایہ کہاں لگانے کا ارادہ ہے<br>(i) قرض کے ذریعے سرمایہ کاری کا جواز<br>(ii) کولیٹرل، فراہم کردہ گارنٹیز اور ان فنڈز کے حصول کے لئے بطور ضمانت رکھے گئے اثاثوں کی تفصیل، اور<br>(iii) کاسٹ بینیفٹ انیلسز | قابل اطلاق نہیں |
| مجوزہ سرمایہ کاری کے حوالے سے ملحقہ کمپنی یا ملحقہ انڈرٹیکنگ کے ساتھ کئے گئے معاہدوں، اگر کوئی ہوں، کی نمایاں خصوصیات | کمپنی اور بی ایس ایل نے ایک معاہدہ کیا ہے جس میں کمپنی کی جانب سے بی ایس ایل کو دی جانے والی بینک گارنٹی کی نوعیت، مقصد اور مدت، یو بی ایل بینک کو قرض کی واپسی کی رقم اور مقررہ تاریخوں، بی ایس ایل کی جانب سے مقررہ تاریخوں پر قرض واپسی اور تلافی نقصان (indemnity) کے لئے کئے گئے وعدے کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ |
| ملحقہ کمپنی یا ملحقہ انڈرٹیکنگ یا زیرغور ٹرانزیکشن میں ڈائریکٹرز، سپانسرز، اکثریتی حصص داران اور ان کے رشتہ داروں کے بلاواسطہ یا بالواسطہ مفاد | ڈائریکٹرز کے بلاواسطہ یا بالواسطہ مفاد محض ان کی حصص داری تک ہیں۔ |
| اگر ملحقہ کمپنی یا ملحقہ انڈرٹیکنگ میں پہلے سے کوئی سرمایہ کاری کی جا چکی ہے تو اس سرمایہ کاری کی کارکردگی کا جائزہ بشمول کسی نقصان یا رائٹ آف کی مکمل معلومات/جواز | قابل اطلاق نہیں |
| کوئی دیگر اہم معلومات جو ارکان کو ٹرانزیکشن کو سمجھنے کے لئے ضروری ہوں | یو وی آئی سی ارکان کو منافع/آمدنی کا کوئی نقصان نہیں ہے |

## کمپنیز (ملحقہ کمپنیوں یا ملحقہ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن (c)(1)3 کی رو سے معلومات

| مطلوبہ معلومات | فراہم کردہ معلومات |
|---|---|
| سرمایہ کاری کی رقم بلحاظ کیٹیگری | کمپنی بی ایس ایل کو قرضے کیلئے UBL بینک کو 350 ملین روپے تک بینک گارنٹی دے گی۔ |
| سرمایہ لگانے والی کمپنی کی قرض لینے کی اوسط لاگت، متعلقہ مدت کے لئے کراچی انٹربینک آفرڈ ریٹ (KIBOR)، شرعی اصولوں کے مطابق پراڈکٹس کی شرح منافع اور متعلقہ مدت کے لئے Unfunded سہولیات کی شرح منافع، جو بھی معاملہ ہو | قابل اطلاق نہیں |
| سرمایہ لگانے والی کمپنی کی جانب سے وصول کی جانے والی شرح منافع، مارک اپ، فیس یا کمیشن وغیرہ | قابل اطلاق نہیں |
| مجوزہ سرمایہ کاری کے حوالے سے حاصل کی جانے والی کولیٹرل سکیورٹی کی تفصیلات | بی ایس ایل کے پاس یو وی آئی سی کے 70.171 فیصد حصص (حصص کی تعداد 35,085,385) |
| اگر سرمایہ کاری میں کنورژن فیچر ہے یعنی اس کی سکیورٹیز میں کنورژن ہو سکتی ہے، تو یہ حقیقت مع شرائط وضوابط بشمول کنورژن فارمولہ، وہ حالات جن میں یہ کنورژن ہو سکتی ہے اور وہ وقت جس پر یہ کنورژن کرائی جا سکتی ہے | قابل اطلاق نہیں |
| ملحقہ کمپنی کو دیئے جانے والے قرضوں یا ایڈوانسز کی واپسی کا شیڈول اور شرائط | بی ایس ایل طے شدہ بینک شیڈول کے مطابق یو بی ایل کو قرضہ کی رقم کی واپسی یقینی بنائے گی۔ |

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)199 اور کمپنیز (ملحقہ کمپنیوں یا ملحقہ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن (4)(3)3 اور (3)4 کی رو سے ڈیکلریشن

ڈائریکٹرز کمپنی کے ارکان کو تصدیق کرتے ہیں کہ انہوں نے ارکان کی منظوری کی سفارش کرنے سے پہلے مجوزہ بینک گارنٹی کے لئے ضروری مستعدی مکمل کر لی ہے۔

ضروری مستعدی کی رپورٹ کی دستخط شدہ سفارشات اور یو بی جی سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی حالیہ آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس مع حالیہ عبوری فنانشل سٹیٹمنٹس، اگر کوئی ہوں، ارکان کے معائنہ کے لئے ای او جی ایم میں دستیاب ہوں گی۔

## سکروٹنائزر

(پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن، 2018 کے ریگولیشن 11 کے تحت آئندہ ای او جی ایم کے مقصد کے لئے سکروٹنائزر کے بارے میں معلومات درج ذیل ہیں

| | |
|---|---|
| 1. سکروٹنائزر کا نام | میسرز شائن ونگ حمید چودھری اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس |
| 2. کوالیفکیشن اور تجربہ | شائن ونگ حمید چودھری اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا شمار پاکستان کے سب سے پرانے اور معروف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس میں ہوتا ہے جسے (مرحوم) جناب عبدالحمید چودھری (ایف سی اے) نے 1957 میں قائم کیا۔ یہ شائن ونگ انٹرنیشنل کی رکن فرم ہے۔ یہ فرم پاکستان بھر میں واقع اپنے دفاتر کے ذریعے قابل ذکر تعداد میں کلائنٹس، بشمول لسٹڈ اور معاشی لحاظ سے قابل ذکر اداروں کو آڈٹ اینڈ آشورنس، اکاؤنٹنگ، ٹیکس، رسک مینجمنٹ اینڈ ایڈوائزری اور کارپوریٹ سروسز میں پیشہ ورانہ خدمات فراہم کرنے والی مایہ ناز فرم ہے۔ |
| 3. تقرری کا مقصد | کمپنی کو اجلاس عام میں ان امور کی انجام دہی کے لئے ووٹنگ کے مقصد کے تحت سکروٹنائزر کی تقرری کرنا مطلوب ہے جو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 199 میں مذکور ملحقہ کمپنیوں میں سرمایہ کاری سے متعلق ہیں۔ لہذا، سکروٹنائزر کی تقرری اس امر کے مشاہدہ کے لئے کی گئی ہے کہ ووٹنگ کی کارروائی بشمول مناسب حفاظتی تدابیر کے تسلی بخش پروسیجرز کو یقینی بنایا جائے اور ریگولیشن 11A کے تحت مذکور رپورٹنگ کی جائے۔ |